آیتِ میراث سورۃ نساء آیت نمبر ۱۱ اور ۱۲ مع ترجمہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یُوۡصِیۡکُمُ اللّٰہُ فِیۡۤ اَوۡلَادِکُمۡ ۟ قف لِلذَّکَرِ مِثۡلُ حَظِّ
الۡاُنۡثَیَیۡنِ ۚ فَاِنۡ کُنَّ نِسَآءً فَوۡقَ اثۡنَتَیۡنِ فَلَہُنَّ
ثُلُثَا مَا تَرَکَ ۚ وَاِنۡ کَانَتۡ وَاحِدَۃً فَلَہَا النِّصۡفُ ؕ
وَلِاَبَوَیۡہِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنۡہُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ اِنۡ
کَانَ لَہٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ یَکُنۡ لَّہٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَہٗۤ اَبَوٰہُ
فَلِاُمِّہِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنۡ کَانَ لَہٗۤ اِخۡوَۃٌ فَلِاُمِّہِ السُّدُسُ
مِنۡۢ بَعۡدِ وَصِیَّۃٍ یُّوۡصِیۡ بِہَاۤ اَوۡ دَیۡنٍ ؕ اٰبَآؤُکُمۡ وَ
اَبۡنَآؤُکُمۡ ۚ لَا تَدۡرُوۡنَ اَیُّہُمۡ اَقۡرَبُ لَکُمۡ نَفۡعًا ؕ
فَرِیۡضَۃً مِّنَ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلِیۡمًا حَکِیۡمًا ﴿۱۱﴾

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ
لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ
مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ
وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ
فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَاِنْ كَانَ
رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ امْرَاَةٌ وَّلَهٗٓ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ
فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ كَانُوْٓا اَكْثَرَ
مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَآءُ فِى الثُّلُثِ مِنْۢ
بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ
وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ؕ ﴿١٢﴾

ترجمہ آیتِ میراث، سورۃ نساء آیت نمبر ۱۱ اور ۱۲

اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے تمہاری اولاد کے باب میں لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصہ کے برابر اور اگر صرف لڑکیاں ہی ہوں گو دو سے زیادہ ہوں تو اُن لڑکیوں کو دو تہائی ملیگا اُس مال کا جو کہ مورث چھوڑ مرا ہے اور اگر ایک ہی لڑکی ہو تو اُس کو نصف ملیگا۔ اور ماں باپ کے لئے یعنی دونوں میں سے ہر ایک کے لئے میّت کے ترکہ میں سے چھٹا چھٹا حصہ ہے اگر میّت کے کچھ اولاد ہو۔ اور اگر اس میّت کے کچھ اولاد نہ ہو اور اسکے ماں باپ ہی اسکے وارث ہوں تو اُسکی ماں کا ایک تہائی ہے اگر میّت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہن ہوں تو اُس کی ماں کو چھٹا حصہ ملیگا (اور باقی باپ کو ملے گا) وصیت نکال لینے کے بعد کہ میت اُسکی وصیت کر جاوے یا دَین کے بعد۔ تمہارے اصول و فروع جو ہیں تم پورے طور پر یہ نہیں جان سکتے ہو کہ اُن میں کا کون سا شخص تم کو نفع پہونچانے میں نزدیک تر ہے۔ یہ حکم مِن جانب اللہ مقرّر کر دیا گیا۔ بالیقین اللہ تعالیٰ بڑے علم اور حکمت والے ہیں۔

ترجمہ آیتِ میراث، سورۃ نساء آیت نمبر ۱۱ اور ۱۲

اسکے قبل صفحہ سے:

اور تم کو آدھا ملیگا اُس ترکہ کا جو تمہاری بی بیاں چھوڑ جاویں اگر اُن کے کچھ اولاد نہ ہو، اور اگر اُنکے کچھ اولاد ہو تو تم کو اُن کے ترکہ سے ایک چوتھائی ملیگا وصیت نکالنے کے بعد کہ وہ اسکی وصیت کر جائیں یا دَین کے بعد۔ اور اُن بی بیوں کو چوتھائی ملیگا اُس ترکہ کا جس کو تم چھوڑ جاؤ اگر تمہارے کچھ اولاد نہ ہو، اور اگر تمہارے کچھ اولاد ہو تو اُن کو تمہارے ترکہ سے آٹھواں حصہ ملیگا وصیت نکالنے کے بعد کہ تم اس کی وصیت کر جاؤ یا دَین کے بعد۔ اور اگر کوئی میّت جس کی میراث دوسروں کو ملے گی خواہ وہ میّت مرد ہو یا عورت ایسی ہو جس کے نہ اصول ہوں نہ فروع اور اُس کے ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو اُن دونوں میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملیگا۔ پھر اگر یہ لوگ اس سے زیادہ ہوں تو وہ سب تہائی میں شریک ہوں گے وصیّت نکالنے کے بعد جس کی وصیّت کر دی جائے یا دَین کے بعد بشرطیکہ کسی کو ضرر نہ پہونچاوے۔ یہ حکم کیا گیا ہے خدا تعالیٰ کے طرف سے، اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے ہیں حلیم ہیں۔

سورۃ نساء کی آیت ۱۷۶ جو میراث کے متعلق ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَسۡتَفۡتُوۡنَکَ ؕ قُلِ اللّٰہُ یُفۡتِیۡکُمۡ فِی
الۡکَلٰلَۃِ ؕ اِنِ امۡرُؤٌا ہَلَکَ لَیۡسَ لَہٗ وَلَدٌ
وَّلَہٗۤ اُخۡتٌ فَلَہَا نِصۡفُ مَا تَرَکَ ۚ
وَہُوَ یَرِثُہَاۤ اِنۡ لَّمۡ یَکُنۡ لَّہَا وَلَدٌ ؕ فَاِنۡ
کَانَتَا اثۡنَتَیۡنِ فَلَہُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَکَ ؕ
وَاِنۡ کَانُوۡۤا اِخۡوَۃً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّکَرِ
مِثۡلُ حَظِّ الۡاُنۡثَیَیۡنِ ؕ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمۡ
اَنۡ تَضِلُّوۡا ؕ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ﴿۱۷۶﴾

ترجمہ سورۃ نِساء آیت نمبر ۱۷۶

لوگ آپ سے حکم دریافت کرتے ہیں، آپ فرمادیجئے کہ اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے باب میں حکم دیتا ہے، اگر کوئی شخص مرجاوے جس کے اولاد نہ ہو (اور نہ ماں باپ) اور اُس کے ایک (عینی یا علاتی) بہن ہو تو اُس کو اُس کے تمام ترکہ کا نصف ملیگا اور وہ شخص اُس (اپنی بہن) کا وارث ہوگا اگر (وہ بہن مرجاوے اور) اُس کے اولاد نہ ہو (اور والدین بھی نہ ہوں) اور اگر (بہنیں) دو ہوں (یا زیادہ) تو اُن کو اُس کے کل ترکہ میں سے دو تہائی ملینگے۔ اور اگر (چند وارث) بھائی (بہن) ہوں مرد اور عورت تو ایک مرد کو دو عورتوں کے حصہ کے برابر، اللہ تعالیٰ تم سے (دین کی باتیں) اس لئے بیان کرتے ہیں کہ تم گمراہی میں نہ پڑو۔ اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں۔